# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 21 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۱/دسمبر۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مسّا جوگ سرپنچ قتل معاملے کی دوہری تحقیقات و مکوکا کے تحت کارروائی‘ اور پربھنی پُرتشدد واقعات کی عدالتی تحقیقات کا وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اعلان۔

☆ پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی۔ ’’ایک ملک‘ ایک انتخابات‘‘ بل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیجنے کا فیصلہ۔

☆ آشیش شیلار کے اِسپندن ادارہ کا محمد رفیع ایوارڈ گلوکار جاوید علی کو۔

اور۔۔۔☆ ناندیڑ ضلع کی دیگلور پنچایت سمیتی کو آئی ایس او کا درجہ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

بیڑ ضلعے کے مسّا جوگ کے سرپنچ کے قتل کے معاملے کی دوہری تحقیقات اور مکوکا کے تحت کارروائی‘ نیز پربھنی کے تمام واقعات کی عدالتی تحقیقات کرنے کا اعلان وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کیا ہے۔ ان دونوں موضوعات پر اسمبلی میں ہوئے مباحثے کا وہ کل جواب دے رہے تھے۔ سرکاری مؤقف کی وضاحت کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بیڑ ضلع پولس سپرنٹنڈنٹ کا تبادلہ کیا جائے‘ اس معاملے میں جو کوئی بھی ذمہ دار ہوا سے مکوکا کے تحت منظّم جرائم کی قرار واقعی سزا دی جائیگی۔ انھوں نے ایوان کو تیقن دیا کہ اس جرم کا ماسٹر مائنڈ کوئی بھی ہو اس کے خلاف کارروائی ضرور کی جائیگی۔

وزیرِاعلیٰ نے کہا کہ اس خصوص میں والمِک کراڑ کا نام لیا جارہا ہے۔ اگر والمِک کراڑ کے خلاف شہادتیں موجود ہوئیں تو وہ کون ہے؟ کس سیاسی جماعت سے تعلق رکھتا ہے؟ اور اس کی کن اہم شخصیات کے ساتھ تصاویر موجود ہیں؟ ان باتوں سے قطعِ نظر اس کے خلاف کارروائی ہوگی۔ اس واردات میں پولس محکمے کی لاپرواہی بھی نظر آرہی ہے‘ اس سلسلے میں بیڑ کے سپرنٹنڈنٹ آف پولس کا تبادلہ کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ پھڑنویس نے مزید کہا کہ اس پوری واردات کی عدالتی تحقیقات کے علاوہ خصوصی جانچ ٹیم کے ذریعے جامع تحقیقات کی جائیگی۔ اس ضمن میں آئی جی سطح کے افسر کی زیرِ قیادت خصوصی جانچ ٹیم تشکیل دی گئی ہے جو واقعے کی تحقیقات کرے گی اور جرم کے نکتۂ نظر سے جانچ کرے گی۔ دوسری جانب واقعات کی نظام کے نظریے سے بھی جانچ ہونا چاہیے‘ اس لیے عدالتی تحقیقات بھی کی جائیگی۔

پربھنی میں پیش آئے واقعات کی ذیل میں وزیرِاعلیٰ نے ان واقعات کی مکمل عدالتی تحقیقات کا اعلان کیا۔ انھوں نے کہا کہ پولس افسر اشوک گھوربانڈ کو معطل کرکے اس بات کا پتہ لگایا جائے گا کہ کیا اس نے طاقت کا بے جا استعمال کیا ہے۔ وزیرِاعلیٰ نے کہا کہ پربھنی میں جو پہلا واقعہ پیش آیا‘ اس سے متعلق طبّی رپورٹ میں یہ واضح ہوچکا ہے کہ وہ کام کرنے والا شخص ذہنی مریض ہے۔ اس واردات کا ردّعمل کے طور پر پیش آئے پُرتشدد واقعات سے متعلق انھوں نے کہا کہ مظاہرین پر قابو پانے کیلئے گرفتار کیے گئے اور عدالتی تحویل میں رکھے گئے سومناتھ سوریہ ونشی کی موت عملِ تنفس میں دشواری کے سبب ہونے کی بات طبّی رپورٹ میں واضح ہوچکی ہے۔ پھڑنویس نے کہا کہ آتشزنی اور سنگ باری کے واقعات کی ویڈیو میں جو افراد نظر آرہے تھے انھیں گرفتار کیا گیا تھا اور ان ہی لوگوں میں سوریہ ونشی بھی موجود تھا۔

اس کی پولس تحویل کی مکمل غیر تحریف شدہ ویڈیو فوٹیج موجود ہے۔ جس میں کہیں بھی یہ نظر نہیں آتا کہ اُس پر تشدد کیا گیا ہو جبکہ اس کی طبّی جانچ رپورٹ میں اس کے عملِ تنفس میں دشواری کے عارضے کی بات موجود ہے اور سی او پی ڈی سے متاثر ہونے سے وہ سانس لینے میں تکلیف محسوس کر رہا تھا۔ اس کے باوجود اس کے اہلِ خانہ کو حکومت کی جانب سے 10 لاکھ روپے امدادی جائیگی اور تمام واقعات کی عدالتی تحقیقات کی جائیگی۔

پربھنی میں پیش آئے واقعات کے دوران قیامِ امن کی کوشش کرنے والے امبیڈکر وادی کارکن آنجہانی وجئے واکوڑے کے اہلِ خانہ کو بھی پانچ لاکھ روپئے کی مالی اعانت کا اعلان وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کیا۔

***** ***** *****

قانون ساز اسمبلی میں کل بلدی ترقیات اور محکمۂ صحتِ عامہ کے ضمنی مطالبات منظور کیے گئے۔ اس پر ہوئی بحث کے دوران رُکنِ اسمبلی امیت دیشمکھ نے لاتور شہر سمیت ریاست کے مختلف اہم منصوبوں پر مؤقف کی وضاحت کی۔ انھوں نے مطالبہ کیا کہ لاتور میں مجوزہ ماں بچہ اسپتال کی زمین کا مسئلہ فوری حل کیا جائے۔

***** ***** *****

ممبئی میں منورا ایم ایل اے ہاسٹل کی عمارت کی تعمیر جنوری 2027 تک مکمل کرنے کا حکم اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر نے دیا ہے۔ وہ کل ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس کل غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔ وزیرِ داخلہ امیت شاہ کے متنازعہ بیان پر کل بھی حزبِ اختلاف کے ارکان نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں زوردار ہنگامہ آرائی کی۔ اس شور وغل کے دوران ہی ایک ملک ایک انتخابات کا بل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو ارسال کرنے کی تجویز دونوں ایوانوں میں پیش کی گئی۔ جس کے بعد کارروائی غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

دریں اثناء اس اجلاس میں لوک سبھا کی کارکردگی 45 فیصد اور راجیہ سبھا کی 40 فیصد رہی۔ پارلیمانی اُمور کے وزیر کرین رِجیجو نے کہا کہ اس پر پارلیمنٹ کے ہر رُکن کو غور کرنا چاہیے۔

***** ***** *****

اِسپندن سوسائٹی کی جانب سے دیئے جانے والے 18 ویں محمد رفیع ایوارڈز کا کل اعلان کر دیا گیا۔ اس بار کا لائف ٹائم اچیومنٹ ایواڈ نغمہ نگار مجروح سلطانپوری کو بعد از مرگ دیا جائے گا، جبکہ معروف گلوکار جاوید علی کو محمد رفیع ایوارڈ دیا جائے گا۔ ممبئی میں 24 دسمبر کو محمد رفیع کی صد سالہ تقاریب کے سلسلے میں ایک پُر وقار تقریب میں یہ ایوارڈ تفویض کیے جائیں گے۔ یہ اعلان وزیر آشیش شیلار نے سماجی رابطے پر اپنے پیغام میں کیا۔

***** ***** *****

روزنامہ دیش دُوت کے بانی اور معروف صنعت کار دیوکسن سارڈا کل ناسک میں مختصر علالت کے بعد چل بسے۔ وہ 92 برس کے تھے۔ کُسما گرج ٹرسٹ اور یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی سمیت کئی اہم اداروں میں وہ کئی اہم عہدوں پر فرائض انجام دے چکے ہیں۔ کل شام اُن کی آخری رسومات ادا کی گئیں۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے سارڈا کی موت پر شدید رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کی دیگلور پنچایت سمیتی کو آئی ایس او کا درجہ حاصل ہو گیا ہے۔ ضلع پریشد کے چیف ایگزیکیٹو افسر مینل کرنوال نے بہترین کام کرنے والے افسران و ملازمین کو اس خصوص میں سپاسنامے دیکر ان کا خیر مقدم کیا۔ اس کے علاوہ گروپ ڈیولپمنٹ افسر شیکھر دیشمکھ کو آئی ایس او صداقت نامہ اور شیلڈ تفویض کیا۔ آئی ایس او درجے کے حصول کیلئے مرکزی و ریاستی حکومتوں کی اہم اسکیموں پر عمل درآمد‘ مؤ معائنہ کاری‘ متعلقین کو مؤثر خدمات اور زیرو پینڈنسی جیسے نکات پر غور کیا جاتا ہے۔

**** **** *****

مہاراشٹر پولس اکیڈمی کا 124 واں جلسۂ تقسیمِ اسناد کل ناسک میں منعقد ہوا۔ تربیت مکمل کرنے والے 410 مرد اور 210 خواتین پی ایس آئی پولس دستے میں شامل ہو گئے ہیں۔ ان میں دھاراشیو سمیت دیگر چائلڈ ہوم سے آنے والے پانچ یتیم و بے سہارا نوجوان بھی شامل ہیں۔

**** **** *****

صفر جذام تشہیر مہم کے تحت جالنہ ضلع میں جذام سے متاثرہ افراد کا پتہ لگانے کیلئے ضلع انتظامیہ کی جانب سے جذام سے پاک محفوظ مہم کُسم چلائی گئی۔ ضلع کی میڈیکل افسر ڈاکٹر جئے شری بھسارے نے اس مہم سے متعلق بتایا کہ ضلع میں 74 متاثرہ افراد پائے گئے۔ یہ مہم اینٹوں کے بھٹے پر کام کرنے والے مزدوروں‘ کانوں میں کام کرنے والے اور گنے کی کٹائی کے مزدوروں کی جانچ کی گئی اور اس مہم میں 20 مزدوروں کو جذام سے متاثر پایا گیا۔

**** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں قومی جذام تدارک مہم میں اینٹ بھٹے کے مزدور‘ تعمیراتی محنت کش‘ جیل کے قیدیوں‘ آشرم اسکولوں کے طلبہ‘ گنا کٹائی مزدور اور دیگر شعبہ جات کے محنت کش افراد کی جانچ کی گئی۔ ضلع کے طبّی افسر ڈاکٹر وشال بیندرے نے یہ اطلاع دی۔

**** **** *****

ریلوے لائن میں مرمت کے کاموں کے باعث دھرم آباد۔ منماڑ مراٹھواڑہ ایکسپریس کل 22,23 , 26,27,29 اور 30 دسمبر کو دھرم آباد تا ناندیڑ کے درمیان جزوی طور پر ردّ کر دی گئی ہے۔ جبکہ دوسری دیگر ٹرینیں تاخیر سے چلیں گی۔ جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ کے رابطۂ عامہ دفتر نے یہ اطلاع دی۔

**** **** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مسّا جوگ سرپنچ قتل معاملے کی دوہری تحقیقات و مکوکا کے تحت کارروائی‘

اور پربھنی پُرتشدد واقعات کی عدالتی تحقیقات کا وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اعلان۔

☆ پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی۔ ’’ایک ملک‘ ایک انتخابات‘‘ بل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیجنے کا فیصلہ۔

☆ آشیش شیلار کے اِسپندن ادارہ کا محمد رفیع ایوارڈ گلوکار جاوید علی کو۔

اور۔۔۔☆ ناندیڑ ضلع کی دیگلور پنچایت سمیتی کو آئی ایس او کا درجہ۔

**** **** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل‘ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

**** **** *****